# نزہۃ المتقین

اردو شرح

# ریاض الصالحین

امام محی الدین ابو زکریا یحییٰ بن شرف النووی الدمشقی

دوم

مؤلفین، ڈاکٹر مصطفےٰ سعید الخن۔ ڈاکٹر مصطفےٰ البغا۔ محی الدین مستو۔ علی الشربجی۔ محمد امین لطفی

ترجمہ و فوائد: مولانا شمس الدین نظرِ ثانی: حافظ محبوب احمد خان

مکتبۃ العلم

۱۸- اردو بازار • لاہور • پاکستان

# نُزہۃُ المتّقین

## اُردو شرح

# ریاض الصّالحین

امام محی الدین ابو زکریا یحییٰ بن شرف النووی الدمشقی

دوم

مؤلّفین: ڈاکٹر مصطفیٰ سعید الخن۔ ڈاکٹر مصطفیٰ البغا۔ محی الدین مستو۔ علی الشربجی۔ محمد امین لطفی

● ترجمہ و فوائد: مولانا شمس الدین ● نظرِ ثانی: حافظ محبوب احمد خان

ناشر

مکتبۃ العلم

۱۸- اردو بازار ○ لاہور ○ پاکستان

7231788-7211788

Marfat.com

**فوائد** : ریاض الصالحین میں یعود ہے یعنی (عیادت کرتے) لیکن بخاری شریف میں یعوذ ہے جس کو حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے یرقی کے ہم معنی قرار دیا ہے یعنی دَم کرتے۔

مذکورہ روایت سے نبی ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا دَم کرنا ثابت ہے اس لئے دَم کرنے کے جواز میں کوئی شک نہیں ہے۔

تاہم اس کے لئے یہ بات از حد ضروری ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے اسماء وصفات اور مسنون دعاؤں کے ذریعے سے ہو یا معوذات وسورۃ فاتحہ وغیرہ قرآنی سورتوں اور آیات سے ہو۔

مزید تفصیل اگلی احادیث میں آرہی ہے۔

٩٠٣ : وَعَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لِثَابِتٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ : "اَلَا اَرْقِیْكَ بِرُقْیَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ بَلٰی، قَالَ : اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ مُذْهِبَ الْبَاْسِ، اشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ، لَا شَافِیَ اِلَّا اَنْتَ، شِفَآءً لَّا یُغَادِرُ سَقَمًا" رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ۔

۹۰۳ : حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے ثابت رحمۃ اللہ سے کہا کیا میں تم کو رسول ﷺ کا بتایا ہوا دَم نہ کروں۔ انہوں نے کہا کیوں نہیں۔ تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اس طرح پڑھا: اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ: اے اللہ جو لوگوں کا رب ہے، دکھ کو دور کرنے والا ہے شفا دینے والا ہے۔ شفا عنایت فرما۔ تیرے سوا اور کوئی شفا دینے والا نہیں۔ ایسی شفا دے کہ بیماری کو بالکل ختم کردے۔ (بخاری)

**تخریج** : رواہ البخاری فی کتاب الطب، باب رقیۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔

**اللغات** : ثابت : یہ ثابت بنانی جلیل القدر تابعی ہیں۔ الا : یہ لفظ گزارش اور استفتاء کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ برقیۃ : تعویذ یا مریض اور آفت زدہ پر جو دم پڑھا جاتا ہے۔ بلی : یہ حرف جواب ہے۔

**فوائد** : (۱) کسی بھی مصیبت کی وجہ سے اگر دم کیا جائے تو وہ تین شرائط کے ساتھ جائز ہے۔ شرطِ اوّل قرآن مجید کی کسی آیت سے ہو یا اللہ تعالیٰ کی صفات اور اسماء کے ساتھ کیا جائے۔ شرطِ دوم۔ عربی زبان میں ہو یا کسی دوسری زبان میں اس کا معنی معلوم ومعروف ہو۔ شرطِ ثالث: اعتقاد یہ ہو کہ بذاتِ خود تعویذ مؤثر نہیں بلکہ اس کا اثر تقدیر باری تعالیٰ سے مرتب ہوگا۔ (۲) مستحب یہ ہے کہ احادیث میں وارد شدہ الفاظ کے ساتھ۔

٩٠٤ : وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : عَادَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ : "اَللّٰهُمَّ اشْفِ سَعْدًا، اَللّٰهُمَّ اشْفِ سَعْدًا، اَللّٰهُمَّ اشْفِ سَعْدًا" رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔

۹۰۴ : حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اکرم ﷺ عیادت کے لئے تشریف لائے تو اس طرح فرمایا: اے اللہ! تو سعد کو شفا عطا فرما۔ اے اللہ تو سعد کو شفا عطا فرما۔ اے اللہ! تو سعد کو شفا عطا فرما۔ (مسلم)

**تخریج** : رواہ مسلم فی کتاب الوصیۃ، باب الوصیۃ بالثلث، والبخاری فی کتاب الایمان، باب ما جاء ان الاعمال بالنیۃ و الحسبۃ

**فوائد** : (۱) جس کو دَم کیا جا رہا ہو اس کا نام لے کر شفاء طلب کرنا جائز ہے اور آپ ﷺ کی یہ خصوصیت ہے۔

Marfat.com

چاہیے۔(۲) اس سے مریض کو خوشی حاصل ہوگی۔(۳) جس شخص سے مریض کے متعلق سوال کیا جائے وہ ایسا جواب دے جس سے سائل و مریض کو خوشی حاصل ہو اور دونوں کے دل مطمئن ہوں۔

## ۱۴۷ :بَابُ مَا يَقُوْلُهُ مَنْ اَيِسَ مِنْ حَيَاتِهٖ!

## باب: زندگی سے مایوسی کیا دُعا پڑھے؟

۹۱۱ : عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ سَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ وَهُوَ مُسْتَنِدٌ اِلَيَّ يَقُوْلُ : اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيْقِ الْاَعْلٰى" مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ۔

۹۱۱: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس حال میں سنا کہ آپ میری طرف سے سہارا لگائے ہوئے تھے: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ کہ اے اللہ مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے رفیق اعلیٰ کے ساتھ ملا دے۔(بخاری، مسلم)

**تخریج** : رواه البخاری فی کتاب المرضی، باب تمنی المریض للموت، مسلم فی کتاب السلام، باب استحباب رقية المريض

**اللُّغَاتُ** : الرفيق الاعلى : بعض نے کہا اللہ تعالیٰ کے ہاں حضوری مراد ہے کیونکہ الرفیق بھی اسماء باری تعالیٰ میں سے ہے بعض نے کہا ملائکہ، مقرب انبیاء، شہداء اور صالحین مراد ہیں جیسا کہ یوسف علیہ السلام کا قول ہے: ﴿وَاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ﴾

**فوائد** :(۱) جب موت کی علامات ظاہر ہو جائیں تو دل کو دنیاوی تعلقات سے بالکل فارغ کر دینا چاہیے۔(۲) اللہ تعالیٰ کی ذات سے تعلق کو اس کی رحمت و مغفرت کا اُمیدوار بن کر طلب کرے اور یہ طلب آپ کے لئے رفع درجات کا سبب تھا نیز اس سے مقصود امت کی تعلیم تھی۔ اس کا معنی آپؐ کے متعلق گناہ کا وقوع نہیں کیونکہ آپؐ معصوم تھے۔

۹۱۲ : وَعَنْهَا قَالَتْ : رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ وَهُوَ بِالْمَوْتِ عِنْدَهٗ قَدَحٌ فِيْهِ مَآءٌ وَهُوَ يُدْخِلُ يَدَهٗ فِي الْقَدَحِ ثُمَّ يَمْسَحُ وَجْهَهٗ بِالْمَآءِ ثُمَّ يَقُوْلُ : "اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَسَكَرَاتِ الْمَوْتِ" رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ۔

۹۱۲: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو موت کے وقت دیکھا کہ آپ ﷺ کے پاس ایک پیالہ جس میں پانی تھا۔ اس میں اپنا ہاتھ داخل فرما کر اس پانی کو چہرے پر ملتے اور فرماتے: "اے اللہ! موت کی سختیوں اور بے ہوشیوں میں میری مدد فرما۔" (ترمذی)

**تخریج** : رواه الترمذی فی ابواب الجنائز، باب ما جاء فی التشدید عند الموت

**اللُّغَاتُ** : بالموت : اس کی علامت سے متصل۔ غمرات : جمع عمرة سکرات موت کی شدت کو کہتے ہیں۔ سکرات : جمع سکرة ہے یہ لفظ موت کی اس شدت پر بولا جاتا ہے جو حواس کو گم کر دے۔

**فوائد**:(۱) انبیاء علیہم السلام کو مرض کی وجہ سے تکلیف پہنچتی ہے۔ تکلیف کی سختی اپنے بارے میں محسوس کرتے ہیں۔ اس میں آپ کی حالت لوگوں جیسی تھی۔(۲) وہ تکلیف جو آپؐ کو پہنچی وہ شدید بخار تھا۔(۳) آپؐ اس کی گرمی کو کم کرنے کے لئے چہرے پر بار بار ٹھنڈا پانی ملتے تھے۔(۴) جسم سے روح کی جدائی شدت و تکلیف سے خالی نہیں۔ اس کی آسانی کے لئے دعا کرنا مستحب ہے۔

Marfat.com

اِلَّا مَا يُرْضِيْ رَبَّنَا' وَاِنَّا بِفِرَاقِكَ يَا اِبْرَاهِيْمُ لَمَحْزُوْنُوْنَ" رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ ' وَرَوٰى بَعْضَهٗ مُسْلِمٌ – وَالْاَحَادِيْثُ فِي الْبَابِ كَثِيْرَةٌ فِي الصَّحِيْحِ مَشْهُوْرَةٌ ' وَاللّٰهُ اَعْلَمُ۔

غمگین ہوتا ہے اور ہم وہی کہتے ہیں جس سے ہمارا رب راضی ہو۔ بے شک تیری جدائی پر اے ابراہیمؑ! ہم غم زدہ ہیں۔ (بخاری) اور مسلم نے اس کا بعض حصہ روایت کیا ہے۔

اور اس سلسلے میں بہت سی احادیث صحیح ہیں جو مشہور ہیں۔

**تخریج** : رواه البخاری فی کتاب الجنائز' باب قول النبی صلی اللّٰه علیه وسلم انا بك لمحزونون۔ و مسلم فی کتاب الفضائل باب رحمته صلی اللّٰه علیه وسلم الصبیان و العیال و تواضعه

**اللغات** : يجود بنفسه : اس کو نکال رہا تھا۔ آخری سانس میں تھا۔ حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کی موت ہجرت کے دسویں سال پیش آئی اس وقت ان کی عمر اٹھارہ ماہ تھی۔ یہ ابراہیم ماریہ قبطیہ کے بطن سے تھے۔ تذرفان : آنکھیں آنسو ٹپکا رہی تھیں۔

**فوائد** : سابقہ فائدہ ملاحظہ ہوں نیز یہ کہ اللہ تعالیٰ کی قضاء وقدر کے فیصلوں کے سامنے سرِ تسلیم خم کرنا واجب ہے۔ آنکھ سے رونے اور دل سے غم کرنے میں کوئی حرج نہیں جبکہ کوئی حرکت اللہ تعالیٰ کی ناراضگی اور جزع فزع کو ظاہر کرنے والی نہ ہو۔

## ١٥٤ : بَابُ الْكَفِّ عَنْ مِمَّا يَرٰى مِنَ الْمَيِّتِ مِنْ مَّكْرُوْهٍ

## باب: میّت کی ناپسندیدہ چیز دیکھ کر زبان کو اس کے بیان سے روکنا

٩٢٨ : عَنْ اَبِيْ رَافِعٍ اَسْلَمَ مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ : "مَنْ غَسَّلَ مَيِّتًا فَكَتَمَ عَلَيْهِ غَفَرَهُ اللّٰهُ لَهٗ اَرْبَعِيْنَ مَرَّةً" رَوَاهُ الْحَاكِمُ وَقَالَ : صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ۔

٩٢٨ : حضرت ابو رافع اسلم جو رسول اللہ ﷺ کے غلام ہیں وہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی میّت کو غسل دیا پھر اس کے کسی عیب کو چھپایا تو اللہ تعالیٰ اس کو چالیس مرتبہ معاف فرمائیں گے۔ حاکم نے اس کو روایت کیا ہے اور کہا مسلم کی شرط پر یہ صحیح ہے۔

**تخریج** : رواه الحاکم فی مستدرکه و صححه

**اللغات** : فكتم عليه : اس کی کوئی جسمانی کمزوری دیکھ کر اس کو چھپایا اور بیان نہیں کیا۔

**فوائد** : (١) میت کی پوشیدہ باتوں کو چھپانا ضروری ہے۔ اگر اس نے کوئی چیز دیکھی مثلاً چہرے کی سیاہی یا خلقی بدصورتی وغیرہ۔
(٢) اگر میت کا وہ عیب اس نے چھپایا تو اللہ تعالیٰ اس کا بدلہ یہ دیں گے کہ چالیس مرتبہ اس کا وہ گناہ جو بار بار کیا جانے والا ہو معاف کر دیا جائے گا۔
(٣) میت کے حالات کا تذکرہ کرنے میں کوئی حرج نہیں جبکہ وہ فاسق وفاجر ہوتا کہ اس کا فسق و بدعت دوسرے اختیار کرنے سے باز رہیں بیان کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ مثلاً اس کے چہرے کا چمکنا۔
(٤) میت کی خوبیاں۔

Marfat.com

قَالَ اَهْلُ اللُّغَةِ : الذِّفْرٰى : الْمَوْضِعُ الَّذِىْ يَعْرَقُ مِنَ الْبَعِيْرِ خَلْفَ الْاُذُنِ - وَقَوْلُهٗ "تُدْئِبُهٗ" اَىْ تُتْعِبُهٗ۔

اہل لغت نے کہا کہ یہ اونٹ کے کان کے اس حصے کو کہتے ہیں جہاں پر اس کو پسینہ آتا ہے۔
تُدْئِبُهٗ :تھکا دینا۔

**تخریج**: رواہ مسلم فی کتاب الطھارۃ باب ما یستر بہ لقضاء و الحاجۃ' و ابو داؤد فی کتاب الجھاد باب ما یؤمر من القیام علی الدواب و البھائم۔

**اللغات**: اردفنی: مجھے پیچھے سوار کیا۔ لا احدث بہ ظاہر یہ ہے کہ یہ عام شریعت کے احکام سے متعلق نہیں۔ ورنہ اس کا چھپانا جائز نہیں۔ لحاجۃ: اس کے پورا کرنے کے وقت۔ مصرف :ہر بلند چیز۔ الحائط: باغ۔ البرقانی: امام حافظ' فقیہ' محدث' ادیب' صالح ابوبکر احمد بن احمد بن غالب البرقانی الخوارزمی۔ جرجر حلق میں آواز کا لوٹانا۔ ذرفت: آنسو بہنا۔ سروتہ: ہر چیز کی پشت اور اس کا بلند حصہ۔ رب الجمل: اونٹ والا۔

**فوائد**: (۱) اونٹ پر پیچھے دوسرے آدمی کو بٹھانا جائز ہے جبکہ وہ مضبوط و توانا ہو۔ (۲) جانور اللہ تعالیٰ کی نعمت ہیں' اس نعمت کا شکریہ ہے کہ ان کو خوب چارا کھلایا جائے اور ان سے نرمی برتی جائے۔ (۳) حیوانات کا آپ ﷺ سے کلام اور ان کی بات کو سمجھنا آپؐ کا معجزہ ہے۔ (۴) مخلوقات کی وقتاً فوقتاً راہنمائی کرتے رہنا چاہئے تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کی مخلوقات کے ساتھ اچھائی و بہتری والا معاملہ کریں۔

۹۶۸ :وَعَنْ اَنَسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ :كُنَّا اِذَا نَزَلْنَا مَنْزِلًا لَّا نُسَبِّحُ حَتّٰى نَحُلَّ الرِّحَالَ- رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ بِاِسْنَادٍ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ۔
وَقَوْلُهٗ "لَا نُسَبِّحُ" :اَىْ لَا نُصَلِّى النَّافِلَةَ ' وَمَعْنَاهُ اَنَّا مَعَ حِرْصِنَا عَلَى الصَّلٰوةِ- لَا نُقَدِّمُهَا عَلٰى حَطِّ الرِّحَالِ وَاِرَاحَةِ الدَّوَآبِّ۔

۹۶۸: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم جب کسی مقام پر تو ہم اس وقت تک نفلی نماز نہ پڑھتے جب تک اونٹوں کے پالان نہ اتار لیتے۔ ابوداؤد اپنی سند اور شرط مسلم کے ساتھ بیان کیا۔
لَا نُسَبِّحُ :ہم نفلی نماز ادا نہ کرتے۔ مطلب یہ ہے کہ نماز کا اتنا شوق رکھنے کے باوجود ہم اس کو کجاووں اور جانوروں کو آرام پہنچانے پر مقدم نہ کرتے۔

**تخریج**: رواہ ابو داؤد فی کتاب الجھاد' باب فی نزول المنازل۔

**اللغات**: نحل الرحال: جانور کی پشت سے کجاوہ اتارنا۔ الرحال جمع رحل ہے اور اصل میں سفر کے لئے جو اسباب تیار کئے جاتے ہیں۔ ان تمام پر اس کا اطلاق کیا جاتا ہے۔ مثلاً سواری وغیرہ۔

**فوائد**: (۱) جانوروں کو آرام پہنچانا مستحب ہے اور آرام کے مواقع میں سامان کو ان سے اتار لینا چاہئے۔ لہٰذا سوار ہونے میں مشقت۔ جو مناسب نہیں۔ (۲) سفر میں نوافل مستحب ہیں۔

## ۱۶۹ :بَابُ اِعَانَةِ الرَّفِيْقِ

## باب: رفیق سفر کی معاونت

فِى الْبَابِ اَحَادِيْثُ كَثِيْرَةٌ تَقَدَّمَتْ كَحَدِيْثِ

اس سلسلہ میں بہت سی احادیث پہلے گزر چکی ہیں۔

Marfat.com

مَاْوَى الْحَيَوَانِ وَاِنْ لَّمْ يَكُنْ فِيْهِ بِنَاءٌ وَّمَنَازِلُ :قَالَ: وَيَحْتَمِلُ اَنَّ الْمُرَادَ: "بِالْوَالِدِ" اِبْلِيْسُ: "وَمَا وَلَدَ" الشَّيَاطِيْنُ۔

خواہ وہاں تعمیر اور مکانات نہ ہوں اور ممکن ہے وَالِد سے مراد ابلیس اور وَلَدَ سے مراد شیاطین ہوں۔

**تخریج**: رواہ ابو داؤد فی کتاب الجھاد' باب ما یقول الحرل اذا نزل المنزل۔

**اللغات**: **فاقبل اللیل**: رات آگئی اور آپ ﷺ ایک مقام پر اترے۔ **ربی و ربك الله**: میرا اور تیرا رب اللہ ہے اور جو اس طرح ہو تو وہ ایک دوسرے کو نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ **شرك**: تیرے شر سے اور یہ گڑھے میں گرنے کی طرح ہے یا بلندی سے نیچے گرنے کی طرح ہے۔ **ما فیك**: جو تجھ میں ہیں یعنی ایذاء پہنچانے والی چیزیں۔ **و ما خلق فیك**: جو تجھ پر پیدا کی گئیں۔ مثلاً ان سے ٹکرانا یعنی درخت وغیرہ۔ **ما یدب**: جو حرکت کرنے والا کیڑا ہو۔ **اعوذبك**: یہ غائب سے خطاب کو لوٹا کر مخاطب کیا گیا۔ **الاسود**: بعض نے کہا بڑا سانپ اور خبیث ترین سانپ (کالا ناگ)

**فوائد**: (۱) رات کو انسان جہاں اترے وہاں یہ کلمات پڑھے۔

(۲) رات کو دن کی بہ نسبت تکلیف پہنچنے کا احتمال زیادہ ہے کیونکہ موذی جانور اندھیرے میں چھپے ہوئے ہوتے ہیں۔

(۳) جو دعا کرے گا اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس کی سلامتی یقینی ہوگی۔

## ۱۷۵ :بَابُ اسْتِحْبَابِ تَعْجِيْلِ الْمُسَافِرِ الرُّجُوْعَ اِلٰى اَهْلِهٖ اِذَا قَضٰى حَاجَتَهٗ

## باب: مسافر کو اپنی ضرورت پوری کر کے جلدی لوٹنا مستحب ہے

٩٨٤ : عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ : السَّفَرُ قِطْعَةٌ مِّنَ الْعَذَابِ : يَمْنَعُ اَحَدَكُمْ طَعَامَهٗ ، وَشَرَابَهٗ ، وَنَوْمَهٗ فَاِذَا قَضٰى اَحَدُكُمْ نَهْمَتَهٗ مِنْ سَفَرِهٖ فَلْيُعَجِّلْ اِلٰى اَهْلِهٖ" مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ۔

"نَهْمَتَهٗ "نَهْمَتَهٗ " مَقْصُوْدَهٗ۔

۹۸۴: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''سفر عذاب کا ٹکڑا ہے' سفر کرنے والے کو وہ کھانے پینے اور نیند سے روکتا ہے۔'' جب تم میں کوئی اپنے سفر کا مقصد پورا کر لے چاہئے کہ وہ اپنے گھر جلدی لوٹے۔ (بخاری' مسلم)

"نَهْمَتَهٗ" : مقصد۔

**تخریج**: رواہ البخاری فی کتاب العمرۃ 'باب السفر قطعة العذاب و مسلم فی کتاب الامارۃ' باب السفر قطعة من العذاب۔

**اللغات**: **قطعة من العذاب**: عذاب کا ایک حصہ اس لئے فرمایا کیونکہ سفر میں مشقت اور احباب سے جدائی پائی جاتی ہے۔ **یمنع احدکم**: تم میں سے ہر ایک روک دیتا ہے۔ یعنی کمال لذت و آرام کے راستہ میں رکاوٹ ہے۔

Marfat.com

# كِتَابُ الْفَضَائِلِ

## ۱۸۰ :بَابُ فَضْلِ قِرَآءَةِ الْقُرْآنِ

## باب: قرآن مجید پڑھنے کی فضیلت

۹۹۱ :عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ : "اقْرَؤُا الْقُرْاٰنَ فَاِنَّهٗ يَاْتِیْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ شَفِيْعًا لِاَصْحَابِهٖ" رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔

۹۹۱: حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: ''تم قرآن پڑھو اس لئے کہ قرآن قیامت کے دن اپنے پڑھنے والوں کے لئے سفارشی بن کر آئے گا''۔ (مسلم)

**تخریج**: رواہ مسلم فی کتاب صلاۃ المسافرین' باب فضل قراۃ القرآن۔

**اللغات**: شفیعًا: سفارشی اور ساتھیوں کے لئے مغفرت کا طالب۔ لا صحابہ: اس قرآن کو پڑھنے والے اور اس کے احکام پر عمل کرنے والے اور اس کی ہدایت پر چلنے والے۔

**فوائد**: (۱) قرآن مجید کی تلاوت بڑی فضیلت اور شان والی عبادت ہے۔ (۲) قرآن مجید اپنے قاری اور عامل کے لئے قیامت کے دن شفاعت کرے گا۔

۹۹۲ :وَعَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ : "يُؤْتٰى يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بِالْقُرْاٰنِ وَاَهْلِهِ الَّذِيْنَ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ بِهٖ فِی الدُّنْيَا تَقْدُمُهٗ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ وَاٰلِ عِمْرَانَ ' تُحَاجَّانِ عَنْ صَاحِبِهِمَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔

۹۹۲: حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: ''قیامت کے دن قرآن اور وہ قرآن والے جو اس پر عمل کرتے تھے ان کو لایا جائے گا۔ سورۃ بقرہ اور آلِ عمران پیش پیش ہوں گی اور اپنے پڑھنے والوں کی طرف سے جھگڑا کریں گی''۔ (مسلم)

**تخریج**: رواہ مسلم فی کتاب الصلاۃ المسافرین۔ باب فضل قراۃ القرآن۔

**اللغات**: تقدمه: یہ تتقدمه ہے' آگے آگے چلنا۔ یتحاجان: جھگڑا کریں گے۔ عن صاحبہا: سورۃ البقرہ اور آل عمران پڑھنے والا جو تدبر و عمل کے ساتھ پڑھے۔

**فوائد**: (۱) تلاوت قرآن مجید کی فضیلت ذکر کی گئی ہے۔ (۲) سورۃ البقرہ اور آلِ عمران کی فضیلت ذکر کی گئی ہے کہ یہ دونوں پڑھنے

Marfat.com

**تخریج:** رواہ مسلم فی الصلاۃ' باب مایذکر فی الرکوع و السجود۔

**اللغات:** دقه: چھوٹی۔جلہ: بڑی۔علانیہ: ظاہر۔

١٤٣١ :وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ : افْتَقَدْتُ النَّبِيَّ ﷺ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَتَحَسَّسْتُ فَإِذَا هُوَ رَاكِعٌ اَوْ سَاجِدٌ يَقُوْلُ : "سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ" وَفِيْ رِوَايَةٍ ' فَوَقَعَتْ يَدِيْ عَلٰى بَطْنِ قَدَمَيْهِ وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ وَهُمَا مَنْصُوْبَتَانِ وَهُوَ يَقُوْلُ "اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ ' وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ ' لَا اُحْصِيْ ثَنَاءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ" رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔

۱۴۳۱: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے ایک رات حضور ﷺ کو تلاش کیا تو پایا کہ آپ رکوع یا سجدہ میں فرمار ہے ہیں: سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اور ایک روایت میں ہے کہ میرا ہاتھ ٹٹولتے ہوئے آپ کے قدموں کے تلووں کو لگا۔اس حال میں کہ آپ کے پاؤں کھڑے تھے اور آپ سجدہ میں تھے اور زبان پر یہ دعا تھی: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ...... آخر تک "اے اللہ میں تیری ناراضگی سے تیری رضا مندی کی پناہ میں آتا ہوں اور تیری سزا سے تیری عافیت کی پناہ میں آتا ہوں اور تیرے قہر سے تیری ذات کی پناہ میں آتا ہوں۔میں تیری تعریف کا شمار اس طرح نہیں کرسکتا جس طرح تو نے اپنی تعریف فرمائی ہے"۔(مسلم)

**تخریج:** رواہ مسلم فی الصلاۃ' باب ما یقال فی الرکوع و السجود۔

**اللغات:** افتقدت: میں نے آپ کو گم پایا اور اطلاع نہ پاسکی۔فتحسست: میں نے آپ کو ڈھونڈا اور تلاش کیا۔فی المسجد: یعنی سجدے میں۔سخطك: تیرے غصے اور انتقام سے۔بمعافاتك: تیری معافی کے ساتھ۔اعوذبك منك: میں تیری رحمت کی تیرے عذاب سے بچنے کے لئے التجا کرتا ہوں کیونکہ تیرے عذاب سے بچنے کی تیرے سوا کوئی پناہ نہیں دے سکتا کیونکہ تیرے بغیر ذرہ بھر کا کوئی مالک ومختار نہیں۔لا احصی: میں طاقت نہیں رکھتا کہ گن سکوں یا تیرے اچھے اوصاف اور تیرے بے شمار فضل شمار کر سکوں۔ثناء علیك: احسانات کے ساتھ آپ کا تذکرہ۔

**فوائد:** (۱) ماقبل کے فوائد ملاحظہ ہوں۔یہ بھی ہے کہ سجدے میں ان اذکار کو زبان پر لانا جو اللہ تعالیٰ کی تنزیہ وتقدیس کو جامع ہو اور جن کا وہ اہل ہے مستحب ہے۔(۲) آدمی اللہ کی تعریف اور تقدیس میں جتنا بھی مبالغہ کرے اس کی عظمت کی مقدار تک نہیں پہنچ سکتا۔ اللہ پاک نے اپنی معزز کتاب کی بہت ساری آیات میں اپنی تعریف فرمائی ہے وہ ان کو بھی نہیں پہنچ سکتا۔

١٤٣٢ :وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ: "اَيَعْجِزُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَكْسِبَ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ حَسَنَةٍ فَسَاَلَهُ سَائِلٌ مِنْ جُلَسَائِهِ كَيْفَ يَكْسِبُ اَلْفَ حَسَنَةٍ؟ قَالَ : "يُسَبِّحُ مِائَةَ تَسْبِيْحَةٍ فَيُكْتَبُ لَهُ اَلْفُ حَسَنَةٍ ' اَوْ يُحَطُّ عَنْهُ اَلْفُ خَطِيْئَةٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ – قَالَ

۱۴۳۲: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "کیا تم میں سے کوئی شخص ہر روز ایک ہزار نیکیاں کرنے سے عاجز ہے؟" اس پر پاس بیٹھنے والوں سے میں سے ایک نے کہا ایک ہزار نیکیاں کیسے کما سکتا ہے؟ آپ نے فرمایا: "سو مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ کہے تو اس کی ایک ہزار نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور ایک ہزار غلطیاں مٹائی

Marfat.com

وَمِنْ شَرِّ قَلْبِي، وَمِنْ شَرِّ مَنِيِّي رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ قَالَ: حَدِيثٌ حَسَنٌ۔

چاہتا ہوں"۔ (ابوداؤد، ترمذی) حدیث حسن ہے۔

**تخریج:** رواہ ابوداؤد فی الصلاۃ، باب الاستعاذہ والترمذی فی ابواب الدعوات، باب الاستعاذۃ من شر السمع۔

**اللغات:** شر سمعي: یعنی یہ کہ میں جھوٹی بات، بہتان وغیبت اور جن باتوں کا سننا حرام ہے ان کو سنوں اور حق بات کو نہ سنوں۔ شر بصري: لوگوں کے مستورہ مقامات پر میری نظر پڑے یا محرمات پر یا اللہ تعالیٰ کی مخلوق پر نگاہ رکھوں۔ شر قلبي: اللہ تعالیٰ کی یاد کے علاوہ دل کو کسی دوسری چیز میں مشغول کروں۔ شر میني منی لذت وشہوت سے نکلنے والے انسانی مادہ، یہاں مراد شرمگاہ ہے جیسا کہ ترمذی کی روایت میں صراحتاً مذکور ہے اور اس کا شر یہ ہے کہ اس کو غیر مشروع مقام پر استعمال کرے۔

**فوائد:** (۱) اس روایت میں کان، آنکھ، دل، زبان اور شرمگاہ کی حفاظت کی تاکید کی گئی اور ان کو اللہ تعالیٰ کی ناراضی کے مقامات پر استعمال سے منع کیا گیا۔ (۲) حواس کے سلسلہ میں انسان کی مسئولیت ذکر کی گئی۔ جیسا ارشاد فرمایا: ﴿إِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَ الْفُؤَادَ كُلُّ أُولٰئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُولًا﴾ کہ ان تمام سے قیامت کے دن سوال ہوگا۔

۱۴۸۵: وَعَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ كَانَ يَقُولُ: "اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْبَرَصِ، وَالْجُنُونِ، وَالْجُذَامِ، وَسَيِّئِ الْأَسْقَامِ" رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ بِإِسْنَادٍ صَحِيحٍ۔

۱۴۸۵: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ فرمایا کرتے تھے: "اے اللہ میں برص، جنون، کوڑھ اور دیگر بری بیماریوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں"۔ (ابوداؤد) صحیح سند کے ساتھ۔

**تخریج:** رواہ ابو داؤد فی کتاب الصلاۃ، باب الاستعاذۃ۔

**اللغات:** البرص: یہ معروف بیماری ہے جس سے بدن پر سفید دھبے بن جاتے ہیں۔ الجنون: عقل کا زائل ہونا۔ الجزام: صاحب قاموس کہتے ہیں یہ مرض جسم میں سوداء کے پھیل جانے سے پیدا ہوتا ہے۔ اعضاء کا مزاج اور ان کی ہیئت کو بگاڑ کر رکھ دیتا ہے۔ بعض اوقات پر تمام اعضاء کو کھا جاتا ہے اور زخموں سے گوشت کٹ کٹ کر گرنے لگتا ہے۔ سیئی الاسقام: بدترین بیماریاں مثلاً فالج، اندھاپن وغیرہ۔

**فوائد:** (۱) مہلک اور بدترین بیماریوں سے پناہ طلب کی گئی ہے۔ یہ بیماریاں انسان کے صبر کو زائل کر کے اس کے اجر کو ختم کر دیتی ہیں۔

۱۴۸۶: وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ: "اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْجُوعِ فَإِنَّهُ بِئْسَ الضَّجِيعُ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الْخِيَانَةِ فَإِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ" رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ بِإِسْنَادٍ صَحِيحٍ۔

۱۴۸۶: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے: "اے اللہ بھوک سے تیری پناہ چاہتا ہوں کیونکہ وہ بہت بدترین ساتھ لیٹنے والا ساتھی ہے اور خیانت سے تیری پناہ مانگتا ہوں کیونکہ وہ بدترین رازداری ہے"۔ (ابوداؤد) صحیح سند کے ساتھ۔

**تخریج:** رواہ ابوداؤد فی الصلاۃ، باب الاستعاذۃ۔

**اللغات:** الضجیع: ساتھی۔ البطانۃ: اندرونی خصلت۔

Marfat.com

وَمَعْنٰی "مَزَجَتْهُ" خَالَطَتْهُ مُخَالَطَةً يَتَغَيَّرُ بِهَا طَعْمُهُ اَوْ رِيحُهُ لِشِدَّةِ نَتْنِهَا وَقُبْحِهَا وَهٰذَا الْحَدِيثُ مِنْ اَبْلَغِ الزَّوَاجِرِ عَنِ الْغِيْبَةِ- قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: ﴿وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْیٌ يُّوْحٰی﴾۔

(کچھ) ملے"۔(ابوداؤد' ترمذی) حدیث حسن صحیح ہے۔

مَزَجَتْهُ: اس کا ذائقہ بدل ڈالے یا اس کی بو کو اپنی قباحت و گندگی سے بدبو بنا دے۔ یہ روایت غیبت کیلئے بلیغ ترین ڈانٹ ہے' اللہ نے سچ فرمایا: "(ہمارا پیغمبر) خواہش نفس سے کچھ نہیں بولتا' وہ جو کچھ بولتا ہے' وہ وحی ہی ہوتی ہے جو اس کی طرف کی جاتی ہے"۔

**تخریج:** رواہ ابوداؤد فی کتاب الادب' باب الغیبة والترمذی فی ابواب صفة القیامة' باب تحریم الغیبة۔

**اللغات:** حسبك من صفية: تمہارے لئے اس سے کافی ہے۔ صفیہ یہ ام المومنین بنت حی بن اخطب ہیں جو بنی نضیر سے تھیں۔ آیت: ﴿وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى﴾ (النجم:۳۔۴)

**فوائد:** امام نووی رحمۃ اللہ نے فرمایا کہ یہ غیبت کے متعلق بلیغ ترین زواجر میں سے ہے۔ مسلمان کو اس سے احتراز کرنا چاہئے۔

۱۵۲۷: وَعَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: "لَمَّا عُرِجَ بِیْ مَرَرْتُ بِقَوْمٍ لَهُمْ اَظْفَارٌ مِّنْ نُّحَاسٍ يَخْمِشُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَصُدُوْرَهُمْ' فَقُلْتُ: مَنْ هٰؤُلَاءِ يَا جِبْرِيْلُ؟ قَالَ: هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ لُحُوْمَ النَّاسِ' وَيَقَعُوْنَ فِیْ اَعْرَاضِهِمْ! -رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ.

۱۵۲۷: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جب مجھے معراج کرائی گئی تو میرا گزر ایسے لوگوں کے پاس سے ہوا جن کے ناخن تانبے کے تھے جن سے وہ اپنے چہروں اور سینوں کو زخمی کر رہے تھے۔ میں نے کہا اے جبرائیل (علیہ السلام) یہ کون ہیں؟ انہوں نے عرض کیا یہ وہ لوگ ہیں جو لوگوں کا گوشت کھاتے ہیں اور ان کی عزتوں پر حملہ کرتے ہیں"۔(ابوداؤد)

**تخریج:** رواہ ابو داؤد فی کتاب الادب' باب الغیبة۔

**اللغات:** عرج لی: مجھے اسراء و معراج کی رات اوپر لے جایا گیا۔ یخمشون وجوھھم یاکلون لحم الناس لوگوں کی غیبت کرتے ہیں۔ غیبت کو گوشت کھانے سے تشبیہ دی ہے جو کہ تلذذ کو جامع ہے ویقعون فی اعراضھم: بری کلام کر کے ان کی عزت خراب کرتے ہیں۔ عزت انسان کی مذمت اور تعریف کی جگہ ہے۔

**فوائد:** غیبت سے بہت زیادہ ڈرایا گیا۔ غیبت کرنے والے کو انسانی گوشت کھانے والے اور گہرے کھڈوں میں گرے ہوئے شخص سے تشبیہ دی۔

۱۵۲۸: وَعَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: "كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ: دَمُهُ وَعِرْضُهُ وَمَالُهُ" رَوَاهُ مُسْلِمٌ.

۱۵۲۸: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ہر مسلمان کا دوسرے مسلمان پر خون' عزت اور مال حرام ہے"۔ (مسلم)

**تخریج:** رواہ مسلم فی کتاب البر' باب تحریم ظلم المسلم۔

**اللغات:** حرام: حرام کیا گیا۔ عرضہ: ذات و حسب۔

**فوائد:** (۱) اسلام عزت' خون اور مال کی کس قدر حفاظت کرتا اور دوسرے لوگوں کے احترام و اکرام کا کس قدر پاس کرتا ہے۔

Marfat.com

هٰذِهِ الْاَلْفَاظِ فِي الصَّحِيْحِ : بَعْضُهَا فِيْ صَحِيْحَي الْبُخَارِيِّ وَمُسْلِمٍ ، وَبَعْضُهَا فِيْ اَحَدِهِمَا وَاِنَّمَا قَصَدْتُ الْاِخْتِصَارَ ، بِالْاِشَارَةِ اِلَيْهَا ، وَسَاَذْكُرُ مُعْظَمَهَا فِيْ اَبْوَابِهَا مِنْ هٰذَا الْكِتَابِ ، اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

ہیں اوران عورتوں پر جو مردوں سے مشابہت کرنے والی ہیں''۔ یہ تمام الفاظ صحیح احادیث میں ہیں بعض بخاری ومسلم دونوں میں ہیں اور بعض دونوں میں سے ایک میں مَیں نے مختصراً اشارہ کر دیا۔ ان میں زیادہ تر احادیث اپنے بابوں میں ذکر کی جائیں گی۔ان شاءاللہ

حل الآیات: اذن مؤذن :ایک منادی کرنے والا نداء دے گا۔ الواصله و المستوصلة :وہ عورت جو اپنے بالوں کو آدمی کے بالوں کے ساتھ لگائے۔ مستوصلة: وہ عورت جو یہ مطالبہ کرے کہ اس کے بالوں کو ملایا جائے بالوں کا ملانا کبیرہ گناہ ہے کیونکہ اس کے مرتکب کو لعنت کا مستحق قرار دیا گیا۔اس سلسلہ میں اپنی بیوی اور غیر کا بھی فرق نہیں۔ بالوں کے ملانے کی حرمت میں حکمت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی تخلیق میں تبدیلی اور عورت کا اپنے آپ کو غیر حقیقی صورت میں محض خاوند کو دھوکہ دہی کے لئے پیش کرنا ہے۔اس سے ایسے مفاسد بنتے ہیں جن کا انجام خطرناک ہے۔من احدث فیها: جو مدینہ میں نئی چیز ایجاد کرے گا۔ محدثا: دین میں بدعت ایجاد کرنے والا جو اصل دین میں نہ ہو یا اس نے زندیق کو پناہ دی جو اسلام اور مسلمانوں کا دشمن ہے۔

## ٢٦٦ :بَابُ تَحْرِيْمِ سَبِّ الْمُسْلِمِ بِغَيْرِ حَقٍّ

## باب: مسلمان کو ناحق گالی دینا حرام ہے

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى : ﴿وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا﴾ [احزاب:۵۸]

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: ''اور وہ لوگ جو ایمان والے مردوں اور عورتوں کو تکلیف دیتے ہیں بغیر کسی گناہ کے جو انہوں نے کمایا پس انہوں نے بہت بڑے بہتان اور گناہ کا ارتکاب کیا''۔ (الاحزاب)

حل الآیات: بهتانًا: برا فعل یا سخت جھوٹ۔ مبینًا: ظاہر۔

١٥٦١ : وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ : "سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ ، وَقِتَالُهٗ كُفْرٌ" مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ۔

۱۵۶۱: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مؤمن کو گالی دینا گناہ اور اس کا قتل (حلال سمجھ کر) کفر ہے''۔ (بخاری ومسلم)

تخریج: رواه البخاری فی الادب، باب ما ینهی من السباب و اللعن و فی الایمان و الفتن ومسلم فی الایمان، باب قول النبی صلی الله علیه وسلم المسلم فسوق۔

اللغات: سباب المسلم: اس کو گالی دینا اور اس کی عزت میں عیب لگانے والی بات کرنا۔فسوق: اللہ تعالیٰ کی اطاعت سے نکلنا ہے۔قتاله کفر: اور اس کا قتل حرمت و گناہ میں کفر کی طرح ہے اور یہ بھی جائز ہے کہ اس کے ساتھ مقاتلہ سے مراد شدت باری اور زیادتی ہو اور ایک نسخے میں سباب المسلم کقتاله کے الفاظ موجود ہیں اور وہ روایت بھی بخاری ومسلم کی ہے۔

فوائد: (۱) مسلمان کو لعنت کرنے اور اس کے ساتھ لڑنے پر ڈانٹ پلائی گئی کیونکہ یہ کفران نعمت اور اخوت ایمانی کے حق کو پورا نہ کرنا ہے۔ابو جریر طبری رحمۃ اللہ نے فرمایا لعنت وقتل میں مشابہت اس طرح ہے کہ لعنت اللہ تعالیٰ کی رحمت سے دوری کو کہتے ہیں اور قتل زندگی سے دوری کو کہتے ہیں۔

Marfat.com

بَعْدِیْ وَلٰكِنْ اَخَافُ عَلَیْكُمْ اَنْ تَنَافَسُوْا فِیْهَا"
وَالْمُرَادُ بِالصَّلٰوةِ عَلٰى قَتْلٰى اُحُدٍ :اَلدُّعَآءُ لَهُمْ
لَا الصَّلٰوةُ الْمَعْرُوْفَةُ۔

کی قسم تمہارے بارے میں یہ مجھے خطرہ نہیں کہ تم میرے بعد شرک میں مبتلا ہو جاؤ گے لیکن مجھے خطرہ یہ ہے کہ تم دنیا میں رغبت کرنے لگو۔ مقتولین اُحد پر صلوۃ کا معنی دعا ہے۔نہ کہ معروف نماز جنازہ۔

**تخریج**:رواہ البخاری فی کتاب الجنائز' باب الصلاۃ علی الشھید و مسلم فی الفضائل' باب اثبات حوض نبینا ﷺ و صفاتہ۔

**اللغات**: فرط:تم سے سبقت کرنے والا استقبالی۔

**فوائد**:(۱)رسول اللہ ﷺ کے لئے کشف کا ثبوت جبکہ آپ ﷺ نے اپنے اس کھڑے ہونے کی جگہ سے اس کو جنت میں دیکھ لیا۔ (۲)حوض کا ثبوت۔(۳)اسلام کے ہمیشہ باقی رہنے اور مسلمانوں کی اکثریت کے اس پر قائم رہنے کا بیان۔(۴) قبور کی زیارت کر کے قبر والوں کے لئے دعا کرنی چاہئے۔(۵) آپ ﷺ کا دنیا سے زہد و بے رغبتی جبکہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو زمین کی چابیوں پر اختیار دیا اور اس کے دروازے آپ ﷺ پر کھول دیئے مگر آپ ﷺ نے فانیہ پر باقیہ کو ترجیح دی۔

١٨٦٣ : وَعَنْ اَبِیْ زَیْدٍ عَمْرِو بْنِ اَخْطَبَ الْاَنْصَارِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ الْفَجْرَ وَصَعِدَ الْمِنْبَرَ فَخَطَبَ حَتّٰى حَضَرَتِ الْعَصْرُ ثُمَّ نَزَلَ فَصَلّٰى ، ثُمَّ صَعِدَ الْمِنْبَرَ حَتّٰى غَرَبَتِ الشَّمْسُ فَاَخْبَرَنَا مَا كَانَ وَمَا هُوَ كَائِنٌ ، فَاَعْلَمُنَا اَحْفَظُنَا ، رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔

۱۸۶۳: حضرت ابو زید عمر بن خطاب ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ؐ نے فجر کی نماز پڑھائی اور منبر پر تشریف فرما ہوئے۔ پھر ہمیں خطبہ دیا یہاں تک کہ ظہر کا وقت ہو گیا' نماز پڑھائی اور پھر منبر پر چڑھ کر خطبہ دیا یہاں تک کہ عصر کا وقت ہو گیا۔نماز پڑھائی اور پھر منبر پر چڑھ کر خطبہ دیا یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا۔پس جو کچھ ہوا اور جو ہونے والا تھا' اسکی ہمیں اطلاع دی۔ہم میں سب سے بڑے علم والے وہی ہیں جو ان باتوں کو سب سے زیادہ یاد کرنے والے ہیں۔(مسلم)

**تخریج**:رواہ مسلم فی الفتن' باب اخبار النبی ﷺ فی ما یکون الی قیام الساعۃ۔

**فوائد**:(۱) آپ ﷺ نے اپنی امت کی تعلیم کے سلسلہ میں حرص کی ہر ایسے دینی معاملے میں جس کی امت کو ضرورت پیش آئی اور گزشتہ لوگوں کے ذریعہ ان کو نصیحت کی اور اس شر کے متعلق ان کو خبردار کیا جو آئندہ زمانہ میں ان پر اترنے والا تھا۔(۲)لوگوں میں زیادہ علم والے وہ لوگ ہیں جو علم کو زیادہ یاد رکھنے والے کتاب اللہ اور سنت نبی ﷺ کو زیادہ محفوظ کرنے والے ہوں۔

١٨٦٤ :وَعَنْ عَآئِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ النَّبِیُّ ﷺ :مَنْ نَذَرَ اَنْ یُّطِیْعَ اللّٰهَ فَلْیُطِعْهُ، وَمَنْ نَذَرَ اَنْ یَّعْصِیَ اللّٰهَ فَلَا یَعْصِهٖ" رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ۔

۱۸۶۴: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:''جو آدمی یہ نذر مانے کہ وہ اللہ کی اطاعت کرے گا تو اس کو اطاعت کرنی چاہئے اور جو یہ نذر مانے کہ وہ اللہ کی نافرمانی کرے گا تو وہ اللہ کی نافرمانی نہ کرے''۔(بخاری)

**تخریج**:رواہ البخاری فی الایمان' باب النذر فی الطاعۃ۔

**فوائد**: نذر کو پورا کرنا واجب ہے جبکہ وہ نذر طاعت اللہ کی ہو اور جب معصیت کی نذر ہو تو ہو منعقد ہی نہ ہوگی۔

١٨٦٥ :وَعَنْ اُمِّ شَرِیْكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ

۱۸۶۵: حضرت ام شریک رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ

Marfat.com

وَبُصْرٰى مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ۔

اللہ کی قسم! دو کواڑوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہوگا جتنا مکہ اور حجر کے درمیان۔ یا فرمایا مکہ اور بصریٰ کے درمیان۔ (بخاری ومسلم)

**تخریج**: رواه البخاري في التفسير سورة الإسراء و في كتاب النبياء' باب قوله تعالى انا ارسلنا نوحا و مسلم في الايمان' باب ادنى اهل الجنة منزلة فيها۔

**اللغات**: دعوة: کھانا۔ یعجبه: پسند آتا' قاضی عیاض فرماتے ہیں آپ دستی کو پسند فرماتے یہ پک جاتی اور نرم ہو جاتی ہے۔ اس کی لذت خوب ہے اور ذائقہ شاندار ہے اور گندگی کے مقام سے دور ہے۔ دانتوں سے اس کے گوشت کو توڑا۔ سید الناس: آدم اور دیگر انبیاء علیہم السلام سمیت تمام لوگوں کے سردار ہوں گے۔ صعید: زمین۔ تدنو: قریب ہونا۔ الغم: غم و رنج۔ الکرب: تنگی۔ فجد والك: یہ سجدہ عبادت نہ تھا بلکہ سجدہ شکر تھا۔ سجدہ میں عبادت فقط اللہ تعالیٰ ہی کی ذات کے لئے خاص ہے۔ کذبت ثلاثه کذبات: تین خلاف ظاہر باتیں کہیں (۱) انی سقیم: میں بیمار ہوں۔ (۲) قولہ بل فعله: بلکہ اس کو بڑے نے کیا اور سارہ کو کہتا کہ یہ میری بہن ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ تینوں گناہ نہیں۔ انی سقیم کا معنی عنقریب میں بیمار ہونے والا ہوں۔ فعله کبیرهم: ان کے بڑے نے کیا اگر بت بولتے۔ واختی: یعنی اسلام کے اعتبار سے بہن لیکن چونکہ صورۃ یہ کذب تھے۔ اس لئے ان کو کذب کہا اور ان کو گناہ شمار کیا اور اپنے نفس کے متعلق اسی سے ڈر گئے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ جو جتنا زیادہ اللہ کو پہچاننے والا اور مرتبہ میں زیادہ قریب ہے۔ اتنا ہی اس کو خطرہ اور خوف بڑا ہے۔ اسی طرح تمام انبیاء علیہم السلام کی طرف جو خطائیں منسوب کی گئیں۔ اول الرسل: طوفان کے بعد پہلے۔ لقه کانت لی دعوة: میں نے ایک دعا کی تھی۔ دب لا تذر علي الارض من الكافرين ديارا: اے اللہ اے ایک کافر بسنے والا زمین پر نہ چھوڑ۔ قتلت نفسا: قوم فرعون سے ایک قبطی کافر کو قتل کیا۔ انت کلمته: تو اللہ تعالیٰ کے کلمہ کن سے پیدا ہوا۔ روح منه: اس کے حکم سے آئی ہوئی روح۔ المهد: بچپن۔ العرش: بادشاہ کی چارپائی وتخت وہ اللہ تعالیٰ کی عظیم مخلوق ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی حقیقت کو جانتے ہیں۔ محامدہ: اچھے اوصاف سے اس کی تعریف۔ من لاحساب علیهم: جن کا کوئی حساب نہ ہوگا اور ان کی تعداد ستر ہزار ہے۔ من الابواب: جنت کے آٹھوں دروازے۔ المصراعین: کواڑ۔ هجر: بحرین کا ایک شہر۔ بصری: حوران کے علاقہ دمشق سے جنوب میں ایک شہر ہے۔

**فوائد**: (۱) نبی اکرم ﷺ کی فضیلت کا ثبوت اور اللہ تعالیٰ کے ہاں آپ ﷺ کے مرتبہ کی بلندی اور قیامت کے دن شفاعت کا ثبوت اور محشر کے موقف کی شدت وسختی بندوں پر ذکر کی گئی۔ (۲) حضرات انبیاء ورسل علیہم السلام کے توسل اور استشفاع کا قیامت کے دن ان سے جواز۔ (۳) معاصی کا ثبوت رسولوں کے سلسلہ میں اپنے ظاہری معنی میں نہیں بلکہ وہ "حسنات الابرابر سیئات المقربین" کی قسم میں سے ہے۔ ورنہ انبیاء علیہم الصلوات والسلام تو گناہوں سے معصوم ہیں اور جو ان کی طرف منسوب ہے وہ انہوں نے تاویل واجتہاد سے کیا۔ انبیاء علیہم الصلوات والسلام سے لغزش تو سرزد ہو سکتی ہے اگرچہ اس پر بھی استمرار ودوام نہیں اور نہ اصرار ہے جو کچھ انہوں نے کیا اس کو معصیت ان کے قدر ومنزلت اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مرتبے ومقام کی وجہ سے کہا گیا۔

۱۸۶۹: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: جَاءَ اِبْرَاهِيْمُ ﷺ بِاُمِّ اِسْمَاعِيْلَ وَبِابْنِهَا اِسْمَاعِيْلَ وَهِيَ تُرْضِعُهٗ حَتّٰى وَضَعَهَا عِنْدَ الْبَيْتِ، عِنْدَ دَوْحَةٍ فَوْقَ زَمْزَمَ فِيْ اَعْلَى

۱۸۶۹: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت ابراہیمؑ اپنے بیٹے اسماعیل اور ان کی والدہ کو لے چل دیئے' جبکہ وہ دودھ پیتے بچے تھے' اور ان کو بیت اللہ کے نزدیک ٹھہرایا۔ یہاں تک کہ ایک بڑے درخت کے نیچے زمزم اور مسجد حرام کے بالائی حصہ کی

Marfat.com

اَغِثْ اِنْ كَانَ عِنْدَكَ خَيْرٌ ' فَاِذَا جِبْرِيْلُ ﷺ فَقَالَ بِعَقِبِهٖ هٰكَذَا ' وَغَمَزَ بِعَقِبِهٖ عَلَى الْاَرْضِ فَانْبَثَقَ الْمَآءُ فَدُهِشَتْ اُمُّ اِسْمَاعِيْلَ فَجَعَلَتْ تَحْفِنُ۔ وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهٖ ' رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ بِهٰذِهِ الرِّوَايَاتِ وَكُلِّهَا۔ "اَلدَّوْحَةُ" الشَّجَرَةُ الْكَبِيْرَةُ ۔ قَوْلُهٗ "قَفّٰى" اَىْ :وَلّٰى ۔ "وَالْجَرِيُّ" الرَّسُوْلُ ۔ "وَاَلْفٰى" مَعْنَاهُ : وَجَدَ قَوْلُهٗ "يَنْشَغُ" : اَىْ يَشْهَقُ۔

پھر وہ گئیں اور صفا پر چڑھ گئیں اور خوب غور سے دیکھا مگر کسی کو نہ پایا۔ یہاں تک کہ انہوں نے سات چکر پورے کر لئے۔ پھر کہنے لگیں کہ میں جا کر دیکھوں کہ بچے کا کیا حال ہے؟ اچانک اس نے ایک آواز سنی تو اس سے کہا اگر تمہارے پاس کچھ بھلائی ہے تو تعاون کرو! پس جبرائیلؑ نے اپنی ایڑی کی نوک زمین پر ماری جس سے پانی پھوٹ پڑا۔ ام اسماعیل گھبرا گئیں اور پانی ہتھیلیوں سے مشکیزے میں ڈالنے لگیں۔ (بخاری) بخاری نے ان روایات کو ذکر کیا ہے۔

اَلدَّوْحَةُ : بڑا درخت۔ قَفّٰى : منہ پھیرا۔ اَلْجَرِيُّ : قاصد۔ اَلْفٰى : پایا۔ يَنْشَغُ : موت کے لحات میں سانس لینا۔

**تخریج:** رواہ البخاری فی کتاب الأنبیاء' باب یزفون النسلان فی المشی۔

**اللغات:** ام اسماعیل: اسماعیل علیہ السلام کی والدہ ان کا نام ہاجرہ تھا۔ وہ قبطی تھیں جن کو مصر کے بادشاہ سارہ کی خدمت کے لئے معبد کیا۔ پس ابراہیم علیہ السلام نے ان سے نکاح کر لیا۔ جرابا: چمڑے کا ایک برتن۔ سقاء: دودھ اور پانی کا برتن۔ الثنية: پہاڑ میں راستہ یہ پہاڑی راستہ حجون کے پاس تھا۔ المحرم: وہ مقام جس کے آس پاس شکار حرام ہو۔ درخت کا کاٹنا اور اسکے پاس لڑائی کرنا بھی حرام ہے۔ تهرى: مائل ہونا اور جلدی کرنا۔ يتلبط: لت پت ہونا اور اپنے آپ کو زمین پر مارنا اس کا معنی لوٹ پوٹ ہونا۔ الصفا: جبل ابوقیس کے ایک طرف میں واقع ہونے والی چٹان۔ استقلبت الوادی: مکہ کا سامنا کرنا۔ طرف درعها: قمیص کی ایک جانب۔ لا مجهود: وہ تھکا ہوا جس کو تھکاوٹ پہنچ جائے۔ المروه: صفا کے بالمقابل چٹان جن کے درمیان وادی ہے وہ وادی کے درمیان دوڑتی اور صفا و مروہ کے قریب چلتیں کیونکہ جب وہ اترتیں تو ان کا بیٹا ان سے چھپ جاتا تو جلدی سے بلندی پر چڑھتیں تا کہ بیٹے پر نگاہ پڑے۔ صه: تو خاموش ہو۔ واسمعت: میں نے آواز سن لی۔ آواز والے کو مخاطب ہو کر فرمایا معاونت کرو اگر تمہارے پاس پانی ہے۔ تحوضه: اس کو حوض بنانے لگیں۔ يفور: تیزی سے ابلنے لگا۔ عينا معينا: زمین پر ظاہر جاری ہونے والا چشمہ۔ كان البيت: بیت اللہ والا مقام کیونکہ اس وقت تک کوئی نشان تک نہ تھا۔ الرابيه: زمین سے بلند ٹیلہ۔ جرهم: عربی قبیلہ ہے۔ جرہم قحطان کا بیٹا۔ عائفا: پانی کے گرد چکر لگانے والے تھے۔ انفسهم: ان میں سب سے زیادہ فوقیت والے ان کی رغبت ان میں بڑھ گئی۔ ادرك: بالغ ہوئے۔ يطالع تركته: جو کچھ چھوڑ کر گئے اس کی چھان بین فرمانے لگے۔ يغير عتبة' بابة: یہ طلاق سے کنایہ ہے۔ عورت کو کنایہ۔ عتبة الباب: یعنی دروازے کی چوکھٹ کہا کیونکہ وہ دروازے کی حفاظت کرتی ہے۔ گھر کے اندر کی چیزوں کی نگرانی کرتی ہے۔ آنس: محسوس کیا۔ فهما لا يخلو عليها احد بغير مكه الالم يوافقاه: ان دو چیزوں کو مکہ کے علاوہ اگر کوئی استعمال کرے تو اس کو موافق نہیں آتیں بلکہ صحت کو مضر بنتی ہیں۔ يبري ببلا: وہ تیر بنا رہے تھے۔ نبل: تیر میں پھل اور پر لگانے کے بغیر جو تیر ہو۔ اكمة: ٹیلا۔ القواعد: بنیادیں۔ بهذا الحجر: وہ پتھر جس پر ابراہیم علیہ السلام نے کھڑے ہو کر کعبہ کی تعمیر کی۔ شنة: چمڑے کا برتن۔ غمز: نیزہ مارہ۔ تحفن: وہ اپنے دونوں ہاتھ ملائے بھر رہی تھیں۔

**فوائد:** (۱) آنحضرت ﷺ کی نبوت ثابت ہو رہی ہے کہ آپ ﷺ نے بذریعہ وحی اس بات کی خبر دی جس کا علم نہ تھا۔ (۲) انبیاء علیہم السلام اپنی اولاد و ازواج کی قربانی اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے کس قدر جلدی کرنے والے ہیں۔ (۳) دعا کے وقت

Marfat.com

مستحب یہ ہے کہ آدمی قبلہ رو ہو مکہ شریف اور بیت اللہ کی فضیلت کو ذکر کر دیا۔ (۴) ابراہیم علیہ السلام اور اسماعیل علیہ السلام کے بیت اللہ کی تعمیر کنے کا ثبوت۔ (۵) زندگی کے مختلف حالات میں اکتاہٹ کا اظہار ناپسند ہے بلکہ ہر حالت میں اللہ تعالیٰ کا شکر یہ ادا کرنا چاہئے۔ (۶) اللہ تعالیٰ کی رضامندی کو نافذ کرنے کے لئے باپ بیٹے کو جلدی کرنی چاہئے اگر وہ معصیت کا کام نہ کرے۔ ابراہیم علیہ السلام نے اپنے بیٹے کو حکم دیا کہ وہ اپنی بیوی کو طلاق دے دیں جب انہوں نے اس عورت کے متعلق اندازہ لگایا کہ وہ تقدیر الٰہی سے اکتاہٹ کا اظہار کر رہی ہے اور اس کا سبب یہ تھا کہ کہیں یہ بات بیٹے میں سرایت نہ کر جائے۔ (۷) صفا و مروہ کے درمیان سعی کے شروع ہونے کی حکمت بتائی گئی۔ (۸) طاعات وعبادات میں نیک وصالح لوگوں کی اقتداء اختیار کرنی چاہئے اور دنیا اور اس کی زینت پر اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کو ترجیح دینی چاہئے۔

۱۸۷۰ : وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ : "الْكَمْئَةُ مِنَ الْمَنِّ ، وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِّلْعَيْنِ" مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ۔

۱۸۷۰: حضرت سعید بن زیدؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ کھمبی بھی من کی قسم میں سے ہے اور اس کا پانی آنکھ کے لئے شفاء ہے۔ (بخاری ومسلم)

**تخریج**: رواه البخاری فی الطب' باب المن شفا للعین و مسلم فی الاشربة' باب فضل الكماة و مداواة العين بها۔

**اللغات**: المن: وہ کھانا جو اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل پر اتارا۔

**فوائد**: (۱) دوا علاج کرنا جائز ہے۔ (۲) کھمبی کا پانی جب عملی طریقے پر استعمال کیا جائے تو ہو اللہ تعالیٰ کے حکم سے آنکھ کی بعض امراض کے لئے شفاء ہے اور یہ باب طب نبوی میں سے ہے۔

Marfat.com

**تخریج**: رواه البخاری فی کتاب الرقاق' باب صفة الجنة و النار و فی کتاب التوحید' باب کلام الرب مع اهل الجنة و مسلم فی کتاب الجنة' باب احلال و الرضوان علی اهل الجنة۔

**اللُّغَاتُ**: لبیك ربنا و سعدیك: اے اللہ ہم حاضر ہم حاضر۔ سعادتوں کے بعد سعادتیں یہ دونوں لفظ کثرت و تعدد کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ احل: میں نے حلال کر دی میں اتاروں گا۔ فلا اسخط: میں ناراض نہ ہوں گا۔

**فوائد**: اس میں اللہ تعالیٰ نے اہل جنت کو خطاب فرما کر اپنا خصوصی فضل ذکر فرمایا اور عمدہ وعدے فرما کر اس میں اضافہ کر دیا۔

١٨٩٧ : وَعَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَنَظَرَ اِلَى الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ وَقَالَ: اِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ عِيَانًا كَمَا تَرَوْنَ هٰذَا الْقَمَرَ' لَا تُضَامُوْنَ فِيْ رُؤْيَتِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ۔

١٨٩٧: حضرت جریر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا: ''ہم رسول اللہؐ کے پاس تھے کہ آپؐ نے چودھویں کے چاند کی طرف دیکھا اور فرمایا: ''بے شک تم اپنے ربّ کو کھلی آنکھوں سے اسی طرح دیکھو گے جس طرح تم اس چاند کو دیکھتے ہو۔ کہ اس کے دیکھنے میں تمہیں دقت و تکلیف (بھیڑ وغیرہ) کی نہیں''۔ (بخاری و مسلم)

**تخریج**: رواه البخاری فی مواقیت الصلاة' باب فضل صلاة العصر' باب فضل صلاة الصبح و العصر۔

**اللُّغَاتُ**: عیانا: سامنے۔ مفاعله: صیغہ تجلّی وظہور میں مبالغہ کو ظاہر کرنے کے لئے لایا گیا۔ لاتتضامون: تمہیں کو بھیڑ کی تنگی محسوس نہیں ہوتی جب تم اس کو دیکھتے ہو۔

**فوائد**: (١) نماز فجر کی فضیلت گزشتہ فائدہ کی طرح ذکر کی گئی۔ (٢) مؤمن جنت میں دیدار خداوندی کی نعمت پالیں گے مگر وہ رویت بغیر کسی کیفیت اور کسی چیز پر انحصار کرنے کے بغیر در بلاتشبیہ و تمثیل ہوگی۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وجوه یومئذ ناضرة ربهانا ناظرة﴾ کہ کچھ چہرے تر و تازہ اپنے رب کے دیدار میں مصروف ہوں گے۔ (٣) امام مالک رحمۃ اللہ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کا دیدار دنیا میں نہیں ہو سکتا کیونکہ دنیا فانی اور اللہ تعالیٰ باقی ہیں اور باقی کو فانی کے ساتھ دیکھا نہیں جا سکتا۔ پس جب آخرت میں ہوگا تو باقی رہنے والی آنکھیں دی جائیں گی جو باقی کو باقی سے دیکھیں گی۔

١٨٩٨ : وَعَنْ صُهَيْبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: "اِذَا دَخَلَ اَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: تُرِيْدُوْنَ شَيْئًا اَزِيْدُكُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: اَلَمْ تُبَيِّضْ وُجُوْهَنَا؟ اَلَمْ تُدْخِلْنَا الْجَنَّةَ وَتُنَجِّنَا مِنَ النَّارِ؟ فَيَكْشِفُ الْحِجَابَ فَمَا اُعْطُوْا شَيْئًا' اَحَبَّ اِلَيْهِمْ مِنَ النَّظَرِ اِلٰى رَبِّهِمْ" رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔

١٨٩٨: حضرت صہیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جب جنتی جنت میں داخل ہو چکیں گے''۔ تو پھر اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: کیا تم کسی اور چیز کو چاہتے ہو جس کا میں اضافہ کروں؟ وہ عرض کریں گے: کیا آپ نے ہمارے چہروں کو سفید نہیں کر دیا؟ کیا آپ نے ہمیں جنت میں داخل نہیں کر دیا اور آگ سے نہیں بچا لیا؟ پھر اللہ تعالیٰ حجابات کو ہٹا دیں گے پس لوگوں کو اب تک کوئی چیز نہیں دی گئی جو اتنی محبوب ہو جتنا اپنے ربّ کو دیکھنا''۔ (مسلم)

**تخریج**: رواه مسلم فی کتاب الایمان 'باب اثبات رویة المومن ربهم فی الاخرة۔

**اللُّغَاتُ**: تریدون: یہاں ہمزہ استفہام کا محذوف ہے اتریدون: کیا تم چاہتے ہو۔ فیکشف الحجاب: وہ حجاب جو مخلوق کے لئے بنایا گیا تا کہ وہ دنیا میں اس کو نہ دیکھیں۔ مگر آخرت میں وہ اٹھا دیا۔

**فوائد**: (١) اہل جنت سے حجاب دور کر دیا جائے گا۔ جس سے وہ اپنے رب جل شانہ کی زیارت کر سکیں گے۔ اہل ایمان کے لئے یہ

Marfat.com

